## سوال

(381)کتے کی خرید وفروخت

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

تجارت سگ یعنی کتے کی خرید وفروخت کرنا جائز ہے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سگ کی تجارت ناجائز ہے۔

"نصب الرایۃ تخریج احادیث الھدایہ"(195/2)میں ہے۔

"اخرج البخاري ومسلم عن ابي مسعود رضی اللہ عنہ الانصاري ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن ثمن الکلب ومہر البغی وحلوان الکاہن"[1]

(بخاری ومسلم نے ابو مسعود انصاری سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت بدکار عورت کی کمائی اور کاہن کے نذرانے سے منع فرمایا ہے)

---

[1]۔ صحیح البخاري رقم الحدیث(2122) صحیح مسلم رقم الحدیث(1567)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

**کتاب البیوع، صفحہ:600**